
درجہ: 2
تاریخ:
زبان:اردو

# مرغا اور لومڑی

کسی درخت کی اونچی شاخ پر ایک مُرغا بیٹھا ہوا ککڑوکوں ، ککڑوکوں کر رہا تھا۔ اتفاق سے ایک لومڑی درخت کے پاس سے گذری اور ککڑوکوں کی آواز سن کر اوپر دیکھنے لگی۔



درخت پر موٹا تازہ مرغا نظر آیا تو لومڑی کے منہ میں پانی بھر آیا۔ سوچنے لگی۔ ''شکار تو بہت اچھا ہے مگر اسے نیچے بلانے کی کیا ترکیب کی جائے؟''

تھوڑی دیر سوچ کر مُرغے سے بولی'' کہو میاں مرغے! اچھے تو ہو؟''

مُرغے نے جواب دیا'' مہربانی ہے۔ سناؤ تمہارا مزاج کیسا ہے؟''

لومڑی نے مُسکرا کر جواب دیا ، تمہاری دعاء سے ہر طرح کا آرام ہے۔ ہاں لو میں تو بھول ہی گئی تھی ۔ میں نے آج بہت اچھی خبر سنی ہے۔ کیا تمہیں کچھ معلوم ہے؟''

مرغا بولا'' کیسی خبر؟ مجھے تو کچھ نہیں معلوم۔''

لومڑی نے کہا'' تم نے ابھی تک یہ خبر نہیں سنی؟ جنگل کے سبھی جانوروں نے فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ آپس میں مل جُل کر رہا کریں گے۔ اس لئے اب تمہیں مجھ سے ڈرنے کی

**تدریسی ہدایت:** طلباء کو اداکاری کے ساتھ کہانی مرغا اور لومڑی سنائیں اور طلباء کو کہانی سنانے کا موقع دیں ساتھ ہی ساتھ کہانی کے متعلق بات چیت کریں۔



کوئی ضرورت نہیں۔ آؤ اس درخت کی ٹھنڈی چھاؤں میں بیٹھ کر کچھ دیر باتیں کریں۔ مرغا ہنس کر بولا'' خبر تو بہت اچھی ہے''۔

مگر وہ دیکھو سامنے کون آرہا ہے؟''

لومڑی نے گھبرا کر پوچھا'' کون ہے؟''

مرغے نے کہا'' وہ شکاری کتے ہیں''۔ اچھا ہوا یہ بھی آ گئے اب سب مِل کر باتیں کریں گے۔

لومڑی شکاری کتّوں کا نام سن کر بہت سٹپٹائی اور ایک طرف بھاگنے لگی۔

مرغا ہنس کر بولا لومڑی! بھاگنے کیوں لگیں؟ آخر ایسی بھی کیا جلدی ہے؟

ذرا دیر ٹھہرو۔ میں نیچے آتا ہوں۔

لو وہ کُتّے بھی آ گئے۔ اب ہمیں ایک دوسرے سے ڈرنے کی کیا ضرورت ہے۔ آؤ بیٹھ کر باتیں کریں۔؟



لومڑی نے کہا'' نہیں نہیں۔ ہوسکتا ہے اِن کُتّوں نے بھی تمہاری طرح یہ خبر نہ سنی ہو۔
اچھا، میں پھر کسی وقت آؤں گی۔
خدا حافظ۔''
یہ کہہ کر لومڑی یہ جا، وہ جا۔

زبان: اردو
دن: 59

درجہ: 2
تاریخ:

## درج ذیل سوالوں کے جواب دیں:

۱۔ مرغا کہاں بیٹھا تھا؟

۲۔ درخت کے پاس سے کون گزرا؟

۳۔ لومڑی کے منہ میں پانی کیوں بھر آیا؟

۴۔ لومڑی نے مرغے کو کیا خبر سنائی؟

۵۔ مرغے نے لومڑی کو کیسے ڈرایا؟

## دس جانوروں کے نام لکھیں:

............................ ............................ ............................

............................ ............................

............................ ............................ ............................

............................ ............................

**تدریسی ہدایت:** طلباء کو اداکاری کے ساتھ کہانی ''مرغا اور لومڑی'' کے مطابق بتائیں اور مرغا اور لومڑی کی خوبیوں کو بتائیں۔

## خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیں:

سے　　نے　　کر　　پر　　کی

| |
|---|
| درخت ............ ایک موٹا تازہ مرغا نظر آیا۔ |
| مگر اسے نیچے بلانے ............... کیا ترکیب کی جائے۔ |
| وہ تھوڑی دیر سوچ کر مرغے ......... بولی۔ |
| مرغے ........... جواب دیا۔ |
| اب سب مل ............. باتیں کریں گے۔ |

## پانچ گھریلو جانوروں کے نام لکھیں:

............................　　............................　　............................

............................　　............................

## پانچ جنگلی جانوروں کے نام لکھیں:

............................　　............................　　............................

............................　　............................

**تدریسی ہدایت:** طلباء سے کہانی ''مرغا اور لومڑی'' اداکاری کے ساتھ سنیں اور کہانی کے مختلف پہلو پر بات چیت کریں۔

درجہ: 2 | زبان: اردو
تاریخ: | دن: 61

## حروف کو جوڑ کر لفظ بنائیں:

مثال: ج + و + ا + ب = جواب

(i) ش + ا + خ =

(ii) د + ر + خ + ت =

(iii) ش + ک + ا + ر =

(iv) م + ر + غ + ا =

(v) ج + و + ش =

## مثال دیکھ کر نیچے دیئے ہوئے لفظوں میں ''وں'' ملا کر لکھیے:

مثال: ضرورت = ضرورتوں

درخت =

بندر =

شاخ =

آواز =

بات =

**تدریسی ہدایت:** ایسا خوشگوار ماحول تیار کریں کہ طلباء اداکاری کے ساتھ کہانی سنا سکیں۔

## صحیح جملے کے سامنے (✓) اور غلط کے سامنے (x) کا نشان لگائیں:

درخت پر موٹا تازہ کتا نظر آیا۔

لومڑی شکاری کتوں کا نام سن کر سٹپٹائی۔

ایک چوہا درخت کے پاس سے گزرا۔

شاخ پر مرغا بیٹھا ہوا گا رہا تھا۔

## حصّہ ''الف'' اور ''ب'' کے صحیح جوڑے ملایئے:

| الف | ب |
|---|---|
|  | غٹرغوں |
|  | ٹیں ٹیں |
|  | ککڑوں کو |
|  | کاؤں کاؤں |

**تدریسی ہدایت:** اساتذہ کہانی پر طلباء سے بات چیت کریں اور طلباء کو زبانی سنانے کا موقع دیں۔

درجہ: 2 زبان: اردو

تاریخ: دن: 63

## مثال دیکھ کر نیچے دیئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھیے:

مثال: درخت = د + ر + خ + ت

کون = + + +

خبر = + + +

مرغا = + + +

مزاج = + + +

لومڑی = + + +

## خوش خط لکھیے:

نظر = .............، .............، .............، .............

خبر = .............، .............، .............، .............

مزاج = .............، .............، .............، .............

شکاری = .............، .............، .............، .............

اتفاق = .............، .............، .............، .............

تدریسی ہدایت: اداکاری کے ساتھ طلباء سے کہانی سنیں اور اس پر ان سے بات چیت کریں

نیچے کچھ جانوروں کے نام دیئے گئے ہیں۔ بتائیے کہ وہ گھاس کھاتے ہیں یا گوشت کھاتے ہیں؟

| | |
|---|---|
| شیر | |
| ہاتھی | |
| گدھا | |
| گھوڑا | |
| بندر | |

**تدریسی ہدایت:** ایسا ماحول تیار کریں کہ طلباء اداکاری کے ساتھ کہانی سنا سکیں اور سبزی خور اور گوشت خور جانوروں کے نام لکھیں:

زبان: اردو
دن: 65

درجہ: 2
تاریخ:

جنگل سے ہمیں کیا ملتا ہے؟

پانچ پودوں کے نام لکھیے:

............................ ............................ ............................

............................ ............................

**تدریسی ہدایت:** ایسا ماحول تیار کریں کہ طلباء اداکاری کے ساتھ کہانی سنائیں اور جنگل سے ملنے والی چیزوں کے نام بتائیں۔

لومڑی اور مرغا کی تصویر دیکھ کر اس کے مختلف اعضاء کے نام لکھیے :





**تدریسی ہدایت:** ایسا ماحول تیار کریں کہ طلباء اداکاری کے ساتھ کہانی سنا سکیں اور تصویر دیکھ کر اعضا کے نام لکھیے۔

درجہ: 2 | زبان: اردو
تاریخ: | دن: 67

پانچ سبزیوں کے نام لکھیے :

پانچ پھلوں کے نام لکھیے :

............................ ............................ ............................

............................ ............................

**تدریسی ہدایت:** ایسا ماحول تیار کریں کہ طلباء اداکاری کے ساتھ کہانی سنا سکیں۔ سبزیوں اور پھلوں کے نام بتائیں۔

# اپنی یاد سے کوئی کہانی

**تدریسی ہدایت:** ایسا ماحول تیار کریں کہ طلباء اداکاری کے ساتھ کہانی سنا سکیں اور اپنی یاد سے کوئی کہانی سنائیں۔

درجہ: 2 | زبان: اردو
تاریخ: | دن: 69

مثال دیکھ کر املا درست کیجیے:

| | |
|---|---|
| عورط | عورت |
| درواجا | |
| کھراب | |
| زام | |
| سام | |
| آواج | |

تدریسی ہدایت: خوشگوار ماحول میں طلبا سے اداکاری کے ساتھ کہانی سنیں اور املا درست کروائیں۔